شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

تنظیم اسلامی مراکش (المغرب) کے زلزلہ متاثرین کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): تنظیم اسلامی مراکش (المغرب) کے زلزلہ متاثرین کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے مراکش میں ہولناک زلزلہ کے باعث بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصان پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری پاکستانی قوم شدید صدمہ سے دوچار ہے اور قیامت صغری کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ﷺ نے مسلمانوں کو ایک جسم کی مانند قرار دیا ہے جس کے ایک حصہ کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو پورا جسم اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے مومنوں کو ایک دوسرے کے لیے ایسی عمارت کی مانند قرار دیا ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو تقویت دیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مصائب اور آزمائشیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتی ہیں اور بعض اوقات اللہ تعالیٰ قوموں کو جھنجھوڑنے اور خوابِ غفلت سے جگانے کے لیے انتباہ بھی کرتا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنے گناہوں پر اپنے رب سے سچے دل سے معافی مانگیں اور حقوق اللہ اور حقوق العباد کے حوالے سے انفرادی اور اجتماعی سطح پر جہاں جہاں کوتاہیاں ہو رہی ہیں ان کا ازالہ کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔ اُنہوں نے حکومتِ پاکستان کو تاکید کی کہ سخت آزمائش کی اس گھڑی میں مصیبت میں مبتلا اپنے مسلمان بھائیوں کی بھرپور اور بروقت مدد کی جائے۔ اُنہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مراکش کے زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن امداد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ آخر میں اُنہوں نے زلزلہ میں جاں بحق ہونے والوں کے لیے مغفرت اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کی دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

Tanzeem-e-Islami

PRESS RELEASE: Friday 10 September 2023

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “Tanzeem-e-Islami shares the grief of our Muslim brethren of Morocco (Al-Maghrib) affected by the earthquake.”

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. While expressing deep grief and sorrow on the massive earthquake that shook Morocco (Al-Maghrib) resulting in a massive loss of life and property, the Ameer said that the entire Pakistani nation is in shock and standing steadfastly with those affected by the earthquake in this difficult time. The messenger of Allah *(SAAW)* had likened the Muslim Ummah to one body, in which if one part is in pain, the whole body feels it. The Holy Prophet *(SAAW)* had also likened the faithful believers to such a building, one part of which acts as a support for the other parts. The fact of the matter is that Allah *(SWT)* tests his faithful by trials and suffering from time to time, and at times Allah *(SWT)* also sends warnings in order to shake and wake-up nations from their slumber of complacency. Therefore, the Muslims ought to seek the sincere forgiveness of the Lord *(SWT)* for sins on both the individual and collective level and try to compensate for all shortcomings in performing the *Huquq Allah* (the obligations to Allah *SWT*) and *Huquq al-Ibad* (the obligations to other humans). The Ameer emphasized that the government of Pakistan must arrange for timely and substantial relief to our Muslim brethren in this time of strife. He appealed to the masses of Pakistan to generously help those affected by the earthquake in Morocco (Al-Maghrib), as much as possible. The Ameer conclude by praying for the forgiveness of the deceased as well as the complete and speedy recovery of those injured.

Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan.